# خیبر بینک

# راست اسلامی بینکاری

# کے بارے میں شریعہ بورڈ کا

# "فتویٰ"

راست اسلامی بینکاری

بینک آف خیبر

091-111 265 265 www.bok.com.pk

/BankofKhyber

بینک آف خیبر صوبہ خیبر پختونخوا کا ایک صوبائی بینک ہے جو دی بینک آف خیبر ایکٹ 1991 کے شق نمبر XIV کے تحت وجود میں آیا ہے، اس نے نومبر 2003 میں اسلامی بینکاری شروع کی ہے اور تادمِ تحریر اسلامی بینکاری گروپ (IBG) ملک بھر کے طول و عرض میں اپنی (123) مخصوص اسلامی بینکاری شاخوں، (08) سب اسلامک بینکنگ شاخوں اور (07) بوتھوں کے ذریعے اسلامی بینکاری پراڈکٹس اور خدمات پیش کر رہا ہے جو وقت کے ساتھ ساتھ ان شاءاللہ مزید مضبوط اور توانا ہوتا جائے گا۔ بینک آف خیبر صارفین کو اسلامی اصولوں کے مطابق تمام مالی خدمات فراہم کر رہا ہے۔ قارئین کے استفادہ کے لیے، عام فہم انداز میں اسلامی بینکاری کے چند اہم شعبوں کا مختصر تعارف ذیل میں پیش کیا جاتا ہے:

## 1) کھاتہ داروں کی بینک میں رقوم جمع کرانے کا شعبہ (Deposit Side)

یہ کھاتے دار دو قسم کے ہیں۔

### کرنٹ اکاؤنٹ: [(عندالطلب کھاتہ) -(Current Account)]

وہ کھاتے دار جو بینک کو اپنی رقوم حفاظت کی خاطر قرض کی بنیاد پر فراہم کرتے ہیں اور بینک کے ساتھ نفع و نقصان میں شریک نہیں ہوتے، یہ کسی بھی وقت اپنی رقم واپس لے سکتے ہیں اور بینک ان کو ادا کرنے کا پابند ہوتا ہے۔ خیبر بینک راست اسلامی بینکنگ گروپ فی الوقت مندرجہ ذیل اکاؤنٹس قرض کی بنیاد پر آفر کر رہا ہے۔

- راست کرنٹ اکاؤنٹ
- راست فارن کرنسی کرنٹ اکاؤنٹ
- راست پینشنر کرنٹ اکاؤنٹ
- راست آسان ریمٹنس کرنٹ اکاؤنٹ
- راست آسان کرنٹ اکاؤنٹ
- راست بیسک بینکنگ اکاؤنٹ۔ وغیرہ

**نوٹ:** بوقت ضرورت مزید اکاؤنٹس (کھاتے) بھی متعارف کرائے جا سکتے ہیں۔

### سیونگ اکاؤنٹ: [(نفع و نقصان میں شریک کھاتہ) -(Saving Account)]

وہ کھاتے دار جو نفع کے حصول کے لئے بینک کو سرمایہ فراہم کرتے ہیں، بینک آف خیبر کی راست اسلامی بینکاری میں ان کے کھاتے مضاربت کی بنیاد پر کھولے جاتے ہیں۔

مضاربت شراکت کی ایسی قسم ہے جس میں ایک فریق سرمایہ لگاتا ہے جب کہ دوسرا شریک کام کرتا ہے۔ سرمایہ فراہم کرنے والے کو ربّ المال اور کاروبار کا انتظام چلانے والے کو مضارب کہا جاتا ہے جب کہ سرمائے کو مال مضاربت کہا جاتا ہے۔ مضاربہ میں نفع کی تقسیم کی شرح شرکاء کی باہمی رضامندی سے معاہدہ کرتے وقت طے کی جاتی ہے جبکہ نقصان صرف رب المال اٹھاتا ہے۔ البتہ عقد کی شرائط کی خلاف ورزی، مضارب کی تعدی، کوتاہی یا غفلت کی صورت میں مضارب کو نقصان کی تلافی کا ذمہ دار ٹھہرایا جا سکتا ہے۔ سیونگ اور ٹرم ڈیپازٹس (آر ایف سیز وغیرہ) میں اسلامی بینک کی حیثیت مضارب کی اور ڈیپازٹرز (کھاتہ داروں) کی حیثیت ارباب الاموال کی ہوتی ہے۔

**راست پی ایل ایس (جنرل) سیونگ اکاؤنٹ یعنی مضاربت مطلقہ:** یہ کھاتے دار بینک کو سرمایہ منافع کے حصول کے لئے اس شرط پر فراہم کرتے ہیں کہ وہ کسی بھی وقت اپنے اکاؤنٹ سے رقم نکالنے اور جمع کرنے پر قادر ہوں گے اور بینک ان کے کھاتے میں ماہانہ اوسط کی بنیاد پر جتنی رقم کاروبار میں لگی ہوتی ہے، اس کے حساب سے مضاربہ سے حاصل شدہ منافع میں ان کا حصہ ادا کرتا ہے۔

**راست رِبا فری سرٹیفیکیٹس یعنی مضاربت مقیدہ:** یہ کھاتے دار بھی بینک کو سرمایہ کاروبار کے لیے فراہم کرتے ہیں اور ان کھاتوں کے تمام اصول وہی ہیں جو راست پی ایل ایس (جنرل) سیونگ اکاؤنٹ کے ہوتے ہیں البتہ یہ کھاتے دار سرمایہ ایک متعین مدت کے لئے بینک کو فراہم کرتے ہیں، اس لئے بینک جب ان کھاتے داروں سے رقوم مضاربہ کی بنیاد پر وصول کرتا ہے تو ان کو سرٹیفیکیٹ جاری کرتا ہے۔ مدت اور نفع کی ادائیگی کے لحاظ سے سرٹیفیکیٹ کو حسبِ ضرورت مندرجہ ذیل درجات میں تقسیم کیا جاتا ہے۔

- چھ ماہ تا ایک سال کے لئے رِبا فری سرٹیفیکیٹ: (منافع کی ادائیگی مدت کے اختتام پر)
- ایک سال کے لئے رِبا فری سرٹیفیکیٹ: (منافع کی ادائیگی ماہانہ، ششماہی، سالانہ یا مدت کے اختتام پر)
- دو، تین یا پانچ سال کے لئے رِبا فری سرٹیفیکیٹ: (منافع کی ادائیگی ماہانہ، ششماہی، سالانہ یا مدت کے اختتام پر)

## 2) سرمایہ کاری اور تمویل کا شعبہ

بینک آف خیبر، راست اسلامی بینکاری کے تحت اپنے کھاتے داروں کی رقوم شرعی طور پر ایسے جائز کاروبار میں لگاتا ہے جس میں نہ صرف سرمائے کا تحفظ ہو بلکہ ان کو حلال منافع ملنے کا بھی غالب امکان ہو۔ اس مقصد کے حصول کے لئے اچھے کاروباری اداروں اور افراد کے انتخاب کی کوشش کی جاتی ہے جو بہترین ضمانتیں دے سکتے ہوں اور اس بات کو یقینی بنانے کے لئے بینک کا عملہ دیانتداری اور محنت کے ساتھ تمام صلاحیتوں کو بروئے کار لاتا ہے تاکہ بہر صورت سرمائے کا تحفظ ہو۔ بینک آف خیبر راست اسلامی بینکاری جن اسلامی تمویلی طریقوں کے ذریعے کھاتے داروں کا سرمایہ کاروبار میں لگاتا ہے، ان میں سے چند عقود مرابحہ، مساومہ، تجارہ، سلم، استصناع، شرکت متناقصہ، مشارکہ، مضاربہ، وکالۃ الاستثمار، اجارہ وغیرہ کے ناموں سے معروف و مشہور ہیں۔

## 3) تمویل سے حاصل شدہ منافع کی تقسیم کا شعبہ

راست پی ایل ایس (جنرل) سیونگ اور ربا فری سرٹیفیکیٹس کے کھاتے داروں میں منافع کے تناسب کی تعیین، منافع اور نقصانات (اگر کوئی ہو) کی تقسیم، شریعت کے قواعد، ضوابط، احکام، نیز اسٹیٹ بینک کے قواعد و ضوابط اور شرعی تعمیل سے متعلق رہنما ہدایات کی روشنی میں شریعہ بورڈ کے مشوروں اور ہدایات کے مطابق کی جاتی ہے۔

## خیبر بینک راست اسلامی بینکاری میں شرعی احکامات کی بجاآوری کی صورتحال:

اسلامی بینکاری کے جملہ مالیاتی نظام کی، کڑی شرعی نگرانی کی جاتی ہے جس میں ریگولیٹر سے لے کر اندرونی طور پر شریعہ بورڈ، شریعہ کمپلائنس ڈویژن، شریعہ آڈٹ ڈیپارٹمنٹ، شریعہ پراڈکٹ ڈیپارٹمنٹ وغیرہ کی خدمات حاصل کی جاتی ہیں جہاں جید مفتیانِ کرام، اسلامی اسکالرز اور شرعی قانون کے ماہرین موجود ہیں اور جملہ معاملات شریعہ بورڈ کی منظوری کے بعد وقوع پذیر ہوتے ہیں۔

**شریعہ کمپلائنس ڈویژن:** سٹیٹ بینک آف پاکستان کی ہدایات کے مطابق اسلامک بینکنگ گروپ کے تحت ایک مستقل شریعہ کمپلائنس ڈویژن موجود ہے، جو بحیثیت مجموعی شریعہ بورڈ کی رہنمائی اور نگرانی میں کام کرتا ہے۔ بینک انتظامیہ کی طرف سے پیش کردہ تمام پراڈکٹس کی تجاویز اور متعلقہ معاہدے، مینوئلز، پروسیجرز، چیک لسٹ وغیرہ استعمال سے قبل شریعہ بورڈ کو منظوری کے لئے پیش ہوتے ہیں۔ شریعہ بورڈ شرعی جائزہ لینے کے بعد انہیں منظور کرتا ہے۔ اسلامک بینکنگ گروپ (آئی بی جی) کے پاس شریعہ بورڈ کا ایک ممبر مستقل طور پر موجود ہوتا ہے جو بینک کے عملہ کو روزمرہ اُمور میں شرعی ہدایات دیتا ہے۔ شریعہ کمپلائنس ڈویژن کا عملہ کل وقتی شریعہ بورڈ ممبر کی نگرانی میں بینک کے کاروباری یونٹوں، شاخوں اور ہیڈ آفس کے دیگر ڈیپارٹمنٹس کے شرعی صورتحال کا جائزہ لیتا ہے تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جاسکے کہ اسلامک بینکنگ گروپ کی جملہ سرگرمیاں اور معاملات، شریعت کے اصولوں کے مطابق سرانجام دیے جارہے ہیں۔ اسی طرح بینک کے آڈٹ گروپ میں موجود شریعہ آڈٹ ڈیپارٹمنٹ تمام شعبوں اور برانچوں کا وقتاً فوقتاً اور حسب ضرورت جائزہ لیتا رہتا ہے اور بینک کی منظور شدہ پالیسیوں، شریعہ اسٹینڈرڈز، شریعہ بورڈ کی ہدایات اور

اسٹیٹ بینک کی ہدایات کی روشنی میں اسلامک بینکنگ گروپ کی فنانسنگ، آپریشنز اور سرمایہ کاری کے بارے میں آزادانہ نظر ثانی کر کے اپنی رپورٹ فیصلہ کرنے کے لئے شریعہ بورڈ کے پاس بھیجتا ہے۔

## خیبر بینک راست اسلامک بینکنگ گروپ کا شریعہ بورڈ

| | |
|---|---|
| چیئرمین | شیخ الحدیث والتفسیر، حضرت مولانا **مفتی محمد زاہد** (نائب مہتمم جامعہ دار العلوم امدادیہ فیصل آباد) |
| ممبران | حضرت مولانا **مفتی عبدالوہاب** (فاضل و متخصص و مدرس جامعہ دار العلوم کراچی) |
| | حضرت مولانا **مفتی محمد عارف خان** (فاضل و متخصص جامعہ دار العلوم کراچی) |
| | حضرت مولانا **قاضی عبدالصمد** (فاضل جامعہ تفہیم القرآن (مردان) وایل ایل ایم شریعہ اینڈ لاء انٹرنیشنل اسلامی یونیورسٹی اسلام آباد) |

## خیبر بینک اسلامک بینکنگ گروپ کے بارے میں شریعہ بورڈ کی رائے :

خیبر بینک راست اسلامی بینکاری میں اسلامی بینکاری کی نگرانی کے لیے قائم مختلف شعبوں کی جائزہ رپورٹوں کی بنیاد پر جس میں شریعہ کمپلائنس ریویو، شریعہ آڈٹ ریویو رپورٹس شامل ہیں، (جن میں ہر قسم کے معاملات کا ٹیسٹ چیک کی بنیاد پر جائزہ لیا گیا ہے) شریعہ بورڈ اس بات کی تصدیق کرتا ہے کہ خیبر بینک راست اسلامی بینکاری میں استعمال ہونے والے دستاویزات، معاہدات،، خاص طور پر سرمایہ کے حصول کا طریق کار اور سرمایہ کی فراہمی کے طریقے شریعت کے احکام، اور اسٹیٹ بینک کے قواعد وضوابط کے مطابق ہیں اور شرعی تعمیل سے متعلق ہدایات کے ساتھ ساتھ شریعہ بورڈ کے مشورے کے مطابق انجام دیے جاتے ہیں۔

لہذا اس وقت خیبر بینک راست اسلامی بینکاری کی اسلامی برانچوں میں اکاونٹ کھولنا اور ان سے نفع حاصل کرنا جائز ہے، نیز اس کی اسلامی برانچوں سے فائنانسنگ کی سہولیات حاصل کرنا بھی شرعاً جائز ہے، اور موجودہ حالات کے تناظر میں سودی اور دیگر ناجائز کاروباروں کی حوصلہ شکنی اور اسلامی معیشت کو ترویج دینے کی نیت سے اس میں سرمایہ کاری کرنا باعثِ اجر ہے۔ یہ حکم بھی اس وقت تک ہے جب تک خیبر بینک کی راست اسلامی بینکاری کے معاملات کی نگرانی علمائے کرام و مفتیانِ کرام کرتے رہیں اور اس میں شرعی تقاضوں کا لحاظ کیا جاتا رہے، بصورتِ دیگر ہمارا یہ فتویٰ قابل عمل نہیں رہے گا، اس لئے سرمایہ کار حضرات وقتاً فوقتاً رابطہ میں رہیں تاکہ حقیقی صورت حال سے آگاہ رہیں۔

واللہ اعلم بالصواب ۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| مفتی محمد زاہد<br>چیئرمین شریعہ بورڈ | مفتی محمد عارف خان<br>ممبر شریعہ بورڈ | مفتی عبدالوہاب<br>ممبر شریعہ بورڈ | قاضی عبدالصمد<br>آر ایس بی ایم |

راست اسلامی بینکاری

**BANK OF KHYBER**

Islamic Banking Group, Head Office,
24- The Mall Peshawar Cantonment, Khyber Pakhtunkhwa
UAN: 091 111 95 95 95